## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اورکرپشن سے پاک نظام کے قیام کے سلسلے میں
## عوام کی رائے سے آگاہی کیلئے ہراتوارکوعوام سے ٹیلیفون پرگفتگوکریں گے
## عوام قائدتحریک الطاف حسین سے گفتگوکرنے کیلئے ہراتوارکوپاکستان کے وقت شام 5 سے 7 بجے تک
## انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کےفون نمبر 0044-208-9057300 پررابطہ کرسکتے ہیں
## عوام وکارکنان سے گزارش ہے کہ وہ جناب الطاف حسین سے مذکورہ حوالے سے ہی گفتگوکریں،
## تنظیم وذاتی مسائل کے حوالے سے رابطہ کمیٹی کوفیکس یافون کے ذریعے آگاہ کیا جاسکتا ہے۔

لندن:۔۔30/اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین ملک سے جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اورکرپشن سے پاک نظام کے قیام کے سلسلے میں عوام کی رائے سے آگاہی کیلئے ہراتوارکو پاکستان وقت شام 5 بجے سے 7 بجے تک عوام سے ٹیلیفون پرگفتگوکریں گے۔ جناب الطاف حسین کے حالیہ خطاب اورانٹرویو کے بعد ملک بھرسے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے عوام بڑی تعداد میں روزانہ ایم کیوایم کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن فون کررہے ہیں اور جناب الطاف حسین سے اپنے جذبات اورخیالات کا اظہارکرنا چاہتے ہیں۔عوام کے بے حداصرار پررابطہ کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ جولوگ اس نظریہ جس کیلئے جناب الطاف حسین 32 سال سے جدوجہدکررہے ہیں،اس بارے میں جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ اورملک میں کرپشن سے پاک نظام کے قیام کیلئے جناب الطاف حسین سے بات کرنا چاہیں یاانہیں کوئی رائے مشورہ دینا چاہیں وہ ہراتوارکوپاکستان وقت شام 5 بجے سے 7 بجے تک انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کےفون نمبر 0044-208-9057300 پررابطہ کرسکتے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے عوام سے گزارش کی ہے کہ وہ مختصرگفتگوکریں تاکہ دیگرلوگوں کوبھی موقع مل سکے۔رابطہ کمیٹی نے عوام وکارکنان سے گزارش کی ہے کہ وہ جناب الطاف حسین سے مذکورہ حوالے سے ہی گفتگوکریں،تنظیمی وذاتی مسائل کے حوالے سے رابطہ کمیٹی کو فیکس یافون کے ذریعے آگاہ کیا جاسکتا ہے۔

## حق پرستی کا انقلاب پاکستان کا مقدربن چکاہے،الطاف حسین
## وقت ضرورآئے گاجب ایم کیوایم،قومی دولت لوٹنے والوں کا احتساب کرے گی
## پنجاب کے عوام بالخصوص مخیّر حضرات سیلاب زدگان کی مدد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں عطیات جمع کرائیں
## پنجاب کی فارماسوٹیکل کمپنیوں کے مالکان وبائی امراض سے بچاؤ کی ادویات عطیہ کریں،الطاف حسین کی اپیل
## ایم کیوایم لاہورزون کے ذمہ داران اورکارکنان سے ٹیلی فون پرگفتگو

لندن۔۔۔30،اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ حق پرستی کا انقلاب پاکستان کا مقدربن چکا ہے اوراب ظلم وستم اورمکروفریب سے حق پرستی کے انقلاب کا راستہ روکا نہیں جاسکتا۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روزایم کیوایم لاہورزون میں ایم کیوایم لاہورزون کے انچارج شاہدانورگیلانی،جوائنٹ انچارج مبین الدین قاضی ایڈووکیٹ،زونل کمیٹی کے دیگرارکان اورکارکنان سے ٹیلی فون پرگفتگوکرتے ہوئے کہی۔اس موقع پرلاہور کے ذمہ داران نے جناب الطاف حسین کوپنجاب میں تنظیمی سرگرمیوں اورسیلاب زدگان کی امداد کیلئے ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا۔جناب الطاف حسین نے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ جاگیرداروں،وڈیروں اور بڑے بڑے سرمایہ داروں نے قومی خزانہ کودونوں ہاتھوں سے لوٹا،اربوں کھربوں روپے کے قرضے لیکرمعاف کرائے اور پاکستان کومعاشی طورپر بدحال کرکے قومی سلامتی وبقاءکوخطرے میں ڈال دیا ہے۔ایم کیوایم فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے عملی جدوجہدکررہی ہے اورعوام کوشعوری طورپر بیدارکررہی ہے۔انشاءاللہ وہ وقت ضرورآئے گا جب ایم کیوایم،قومی دولت لوٹنے والوں کا احتساب کرے گی،سرکاری خزانے سے لوٹی گئی دولت واپس لیکرقومی خزانے میں جمع کرائے گی اور پاکستان کی سلامتی وبقاءکویقینی بنائے گی۔

انہوں نے کہا کہ ان جاگیرداروں اوروڈیروں نے اپنی زمینیں بچانے کیلئے سیلاب کا رخ غریب عوام کی جانب موڑدیا اورحفاظتی پشتے توڑکرگاؤں اوردیہاتوں کوسیلابی پانی میں ڈبودیا ایسے ظالم جاگیرداروں کا احتساب ہونا بہت ضروری ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ زندگی کا ایک ایک لمحہ بہت قیمتی ہوتا ہے۔1992ء میں ایم کیوایم کے خلاف

ریاستی آپریشن کے دوران ہم پر جناح پور کی سازش کا بہتان لگایا کرایم کیوایم کے کارکنان کوملک دشمن ثابت کرنے کی کوشش کی گئی۔17 سال بعد بریگیڈیئر (ر) امتیاز احمد اور جنرل (ر) نصیر اختر نے ٹیلی ویژن پر آکر کہا کہ جناح پور کی کہانی ایم کیوایم کے خلاف ڈرامہ تھی۔ان 17 برسوں میں پاکستان خصوصاً پنجاب کے عوام ہمیں غدار اور ملک دشمن سمجھتے رہے۔اسی طرح 1998ء میں حکیم سعید کے قتل میں ایم کیوایم کوملوث کیا گیا لیکن 12 سال بعد آئی بی کے سابق ڈائریکٹر جنرل کرنل (ر) اقبال خان نیازی نے انکشاف کیا کہ حکیم سعید کے قتل میں ایم کیوایم ملوث نہیں تھی اور ان 12 برسوں کے دوران بھی ایم کیوایم کوجھوٹے الزامات کا نشانہ بنایا جاتا رہا۔انہوں نے کہا کہ حق پرستی کی 32 سالہ جدوجہد میں، میں نے اپنی جوانی قربان کردی،اپنے اوراپنے خاندان کے مفادات کے بجائے عوام کے اجتماعی مفادات کیلئے جدوجہد کی۔کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ ایک غریب ومتوسط گھرانے سے تعلق رکھنے والا الطاف حسین پورے ملک میں شعوری بیداری لائے گا اور حق پرستی کی جدوجہد کی کرنیں پھیلائے گا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم میں عزت کا معیار صرف اور صرف کام ہے۔دیگر سیاسی جماعتوں میں غریب اور محنتی کارکنان کو ہاری اور غلام سمجھا جاتا ہے جبکہ متحدہ قومی موومنٹ میں کارکنان کوعزت دی جاتی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا حق پرستانہ پیغام صوبہ پنجاب سمیت ملک بھر میں پھیل رہا ہے،گھروں،دکانوں اور محلوں میں مثبت تبدیلی کی بحث کا آغاز ہو چکا ہے اور ملک بھر کے عوام تبدیلی کی خواہش کا اظہار کررہے ہیں۔لہٰذا جاگیردار اور وڈیرے سن لیں کہ حق پرستی کا انقلاب پاکستان کا مقدر بن چکا ہے اور اب ظلم وستم اور مکروفریب سے حق پرستی کے انقلاب کا راستہ روکا نہیں جاسکتا۔جناب الطاف حسین نے لاہور کے تمام ذمہ داران اور کارکنان کو ہدایت کی کہ وہ سیلاب سے متاثرہ مصیبت زدہ خاندانوں کی بھرپور امداد کریں، انہیں غذائی اجناس مہیا کریں اور طبی کیمپ قائم کر کے سیلاب کے باعث وبائی امراض کا شکار افراد کوعلاج ومعالجہ کی سہولیات فراہم کریں۔جناب الطاف حسین نے لاہور کے عوام بالخصوص تاجر برادری اور مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ سیلاب زدگان کی دل کھول کر مدد کریں اوراپنے عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن میں جمع کرائیں۔انہوں نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں وبائی امراض پھوٹ رہے ہیں اور وبائی امراض سے متاثرین جان بحق ہورہے ہیں۔انہوں نے صوبہ پنجاب میں فارماسوٹیکل کمپنیوں کے مالکان سے دردمندانہ اپیل کی کہ وہ ہیضہ،ملیریا، دیگر وبائی امراض، پیٹ کے امراض اور جلدی امراض سے بچاؤ کی ادویات خدمت خلق فاؤنڈیشن کوعطیہ کریں تاکہ سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کو بروقت طبی امداد فراہم کی جاسکے۔جناب الطاف حسین نے سیلاب سے متاثرہ مصیبت زدہ خاندانوں کیلئے غذائی اجناس جمع کرنے اور دیگر امدادی سرگرمیوں میں محنت ولگن سے کام کرنے پر ایم کیوایم لاہور زون کے ذمہ داران اور کارکنان کودل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## سیلاب زدگان مریضوں کوطبی سہولیات کی فراہمی کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ماہر ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف پر مشتمل ٹیم سکھر روانہ کردی گئی

## طبی ٹیم سکھر میں ایم کیوایم کے فیلڈ اسپتال میں جلد، سینے، پیٹ اور دیگر امراض میں مبتلا مریضوں کو روزانہ کی بنیاد پر طبی سہولیات فراہم کریگی

کراچی۔۔۔30،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان پر مشتمل 12 رکنی ٹیم سکھر میں سیلاب متاثرین کوطبی امداد کی فراہمی کیلئے لگائے گئے ایم کیوایم کے فیلڈ اسپتال کیلئے روانہ کردی گئی۔طبی ٹیم کوایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم تاجک اور وسیم آفتاب نے رخصت کیا جس میں مختلف امراض کے 6 ماہر ڈاکٹرز اور 6 پیرامیڈیکل اسٹاف کا عملہ شامل ہے۔طبی ٹیم کے ارکان سکھر فیلڈ اسپتال میں جلد، سینے، پیٹ اور دیگر وبائی امراض میں مبتلا سیلاب زدگان مریضوں کو روزانہ کی بنیاد پر طبی سہولیات فراہم کریں گے۔میڈیکل ٹیم کی روانگی کے موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم تاجک اور وسیم آفتاب نے سیلاب زدگان کیلئے اپنی خدمات پیش کرنے والے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے امدادی سامان، غذائی اجناس اور ادویات پر مشتمل لاکھوں روپے مالیت کا کنٹینر سکھر کے سیلاب متاثرین کیلئے روانہ کر دیا گیا

## فلم، اسٹیج اور ٹی وی کے معروف اداکار عمر شریف کا خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ، غذائی اجناس پر مشتمل ایک ٹرک سیلاب متاثرین کیلئے عطیہ کیا

کراچی۔۔۔30، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا کراچی سے سکھر کے سیلاب متاثرین کیلئے لاکھوں روپے مالیت پر مشتمل 40 فٹ بڑا کنٹینر گزشتہ روز روانہ کر دیا گیا۔کنٹینر میں امدادی سامان، غذائی اجناس اور ادویات بہت بڑی مقدار میں شامل ہیں۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری اور سیف یار خان نے اپنی نگرانی میں امدادی سامان کے کنٹینر کو سکھر کے سیلاب متاثرین کیلئے روانہ کیا۔اس موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں اور ایم کیوایم کے کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر سیلاب متاثرین کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن نہ صرف کراچی، اندرون سندھ بلکہ ملک بھر میں امدادی سرگرمیاں انجام دے رہی ہے اور طبی وامدادی سرگرمیوں سے لاکھوں سیلاب متاثرین مستفید ہو رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اور اس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کو ملک بھر میں قدر کی نگاہ سے دیکھا جا رہا ہے۔انہوں نے امدادی سرگرمیوں میں مصروف کارکنان اور رضا کاروں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔دریں اثناء فلم، اسٹیج، ٹی وی کے معروف اداکار عمر شریف نے گزشتہ روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ کیا اور سیلاب متاثرین کیلئے ایک غذائی اجناس سے بھرا ایک ٹرک جمع کرایا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے عمر شریف کو خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں سیلاب متاثرین کیلئے جاری امدادی سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔عمر شریف نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی امدادی کیمپ پر لوگوں سے عطیات بھی وصول کئے اور ان کے جذبے کو سراہا۔

## سکھر، ٹھٹھہ اور شکار پور میں سیلاب زدگان کیلئے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی طبی وامدادی سرگرمیاں

## متاثرین میں لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان تقسیم کیا، صاف پانی کے ٹینکر فراہم کئے

## رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی کا سکھر کے کچا بند اور شکار پور میں حق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور کا طبی کیمپ کا دورہ، امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا

سکھر۔۔۔30، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام اندرون سندھ میں بھی سیلاب زدگان کیلئے طبی اور امدادی سرگرمیاں بدستور جاری ہیں، طبی وامدادی سرگرمیوں کے باعث اندرون سندھ کے بیشتر علاقوں کے سیلاب زدگان بہت بڑی تعداد میں روزانہ کی بنیاد پر مستفید ہو رہے ہیں۔تفصیلات کے مطابق امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے سکھر کے کچا بند کا دورہ کیا اور سیلاب متاثرین نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں میں لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان تقسیم کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم سکھر زون کے زونل انچارج قطب الدین بھی ان کے ہمراہ تھے۔امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں ٹھٹھہ میں حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت، ارکان سندھ اسمبلی محترمہ ہیر اسماعیل سوہو اور سہیل یوسف نے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بھیجا گیا ایک ٹرک امدادی سامان سیلاب متاثرین میں تقسیم کیا جس سے بھٹورو، سجاول بیلو، حاجی اسماعیل اگھیم، مکلی قرب وجوار کے سیلاب متاثرین نے استفادہ کیا۔حق پرست عوامی نمائندوں نے اس دوران ٹھٹھہ کے سیلاب متاثرین کو چار ٹینکر صاف پانی کے بھی فراہم کئے۔اس موقع پر ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین عاشق حسین اسدی، محمد مرید بروھی، ایم کیوایم ٹھٹھہ زون کے زونل انچارج غلام محمد خشک، جوائنٹ زونل انچارجز محمد عیسیٰ جوکھیو، صغیر حسین پیروانی اور اراکین بھی موجود تھے۔اسی طرح حق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور نے شکار پور میں سیلاب زدگان کیلئے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے لگائے گئے طبی امدادی کیمپ کا دورہ کیا اور سیلاب متاثرین کو فراہم کی جانے والی طبی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔

## گلگت بلتستان میں سیلاب متاثرین کو امدادی سامان کی فراہمی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں ، رابطہ کمیٹی حکومت فضائی راستے کے ذریعے گلگت بلتستان کے عوام کو ریلیف فراہم کرے

کراچی۔۔۔30، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلگت بلتستان میں سیلاب متاثرین کے ریلیف کیمپوں میں اشیائے خورد و نوش کی قلت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ گلگت بلتستان میں سیلاب متاثرین کو ریلیف کی فراہمی کیلئے فی الفور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گلگت بلتستان کا زمینی راستہ بند ہوئے ایک ماہ سے زائد کا عرصہ گزر چکا ہے جس کے باعث وہاں اشیائے خورد و نوش کی قلت ہوگئی ہیں، مہنگائی آسمان سے باتیں کررہی ہیں اور ایسے حالات میں عوام کو سفید پوشی کا بھرم رکھنا بھی مشکل بن گیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سیلاب متاثرین کیمپوں میں موجود ہیں لیکن امدادی سامان سے محروم ہیں اور انتہائی کسمپرسی کی حالات میں زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ہونا تو یہ چاہیئے تھا کہ گلگت بلتستان کے زمینی راستے منقطع ہونے پر حکومت فضائی راستے کے ذریعے عوام کو اشیائے خورد و نوش اور دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء کی فراہمی کیلئے اقدامات کرتی اور اسے تسلسل کے ساتھ جاری رکھتی اور یہی اقدامات نہ کئے جانے کے سبب آج گلگت بلتستان کے عوام دوہری مشکلات اور پریشانیوں کا شکار ہوچکے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ گلگت بلتستان میں سیلاب متاثرین کو امدادی سامان کی فراہمی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں تاکہ قیمتی انسانی جانوں کو ضائع ہونے سے بچایا جاسکے۔

## ایم کیو ایم کے وفد کی سنی تحریک کے رہنماؤں سے ملاقات

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان رابطہ کمیٹی وسیم آفتاب، سلم تاجک، صوبائی وزیر خالد عمر اور سابق حق پرست ٹاؤن ناظم جاوید احمد پر مشتمل ایم کیو ایم کے ایک وفد نے پیر کو سنی تحریک کے رہنماؤں شکیل قادری اور مطلوب اعوان سے ان کے مرکزی سیکٹریٹ میں ملاقات کی۔ یہ ملاقات خوشگوار ماحول میں تقریباً ایک گھنٹہ جاری رہی جہاں دونوں جماعتوں کے رہنماؤں نے ملک کی تازہ ترین سیاسی، وسیلاب کی صورتحال سمیت کراچی میں جاری ٹارگٹ کلنگ اور اس حوالے سے لینڈ و ڈرگ مافیا اور اسلحہ فروشوں کے منفی کردار پر بھی غور کیا گیا۔دونوں کے جماعتوں کے رہنماؤں میں یہ مشترکہ موقف پایا گیا کراچی کے عوام ان دنوں سیاب زدہ بھائیوں کی دل کھول کر مدد کررہے ہیں اور اس مشکل وقت میں نہ صرف ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں بلکہ ان کی امداد اور بحالی کے لئے میدان عمل میں بھی ہیں لیکن جرائم پیشہ عناصر خصوصاً ڈرگ اور لینڈ مافیا اس ماحول میں بھی اپنی منفی اور مجرمانہ سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہے اور ان کی جانب سے ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ جاری ہے جس مقصد اس کے سواء کچھ نہیں کے کراچی میں ٹارگٹ کلنگ کے سلسلہ کو جاری رکھ کر امن و امان کا مسئلہ پیدا کیا جائے اور اسے لسانی اور فرقہ وارانہ رنگ دیا جائے تاکہ اہالیان کراچی کو سیلاب زدگان کی امداد کرنے سے روکا جاسکے۔دونوں جاعتوں یہ بھی طے پایا گیا کہ وہ شہر میں امن خراب کرنے کی سازش کو ہر صورت میں اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں گے اور سیلاب زدگان کی بھرپور مدد کریں گے۔اس موقع پر سیلاب زدگان سے ہمدردی کا اظہار بھی کیا گیا اور ان کی جلد بحالی کے لئے خصوصی دعا کی گئی۔

## ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر کی جانب سے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں لاکھوں روپے کا امدادی سامان جمع کرادیا

کراچی۔۔30 اگست 2010ء

ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر کی جانب سے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں قائم امدادی ریلیف کیمپ میں لاکھوں روپے کا امدادی سامان پہنچایا۔جس میں آٹا، گھی، چاول، چینی، چائے کی پتی، دالیں، کھجور، سوئیاں، مشروبات اور دیگر روزمرہ کی اشیاء شامل ہیں۔ یہ سامان رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب احمد بخاری نے وصول کیا۔اس موقع پر متحدہ آرگنازنگ کمیٹی کے اراکین اشرف اورکزئی اور خالد محمود اعوان اور لانڈھی سیکٹر و یونٹس کمیٹی کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔30 اگست 2010ء

ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے صوبائی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج نثار احمد پہنور کی خالہ نواب خاتون، نیو کراچی سیکٹر یونٹ 134/C کے کارکن سلیم کی والدہ شریفاً ، ابراہیم حیدر سیکٹر یونٹ علی اکبر شاہ گوٹھ کے کارکن نور عالم کے صاحبزادے محمد شفیق اور ایم کیو ایم محمود آباد سیکٹر یوسی A/4 کے کارکن محمد الیاس کی والدہ رشیدہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے تمام مرحومین کے سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوان کو صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆